# درخواست

**سوال نمبر1 ۔ علاقے کے ناظم کے نام محلے میں صفائی کا مناسب انتظام کرانے کے لیے درخواست لکھیے۔**

**جواب۔**

بخدمت جناب ناظم صاحب یونین کونسل نمبر۔۔۔۔۔۔راولپنڈی

جناب عالی !

آپ کے علم میں ہے کہ ہمارا محلہ نمبر۔۔۔۔۔۔اس یونین کونسل کا گنجان تر محلہ ہے۔اگرچہ محلے کی گلیاں اور نالیاں پختہ ہو چکی ہے لیکن تعمیر کے باعث جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ ہو رہی ہے۔گندا پانی نالیوں سے بہہ کر گڑھوں میں جمع ہو چکا ہے۔گندے پانی پر مکھیوں اور مچھروں کی پیدائش اور افزائش کا عمل زوروں پر ہے۔دن کو مکھیاں اور رات کو مچھر بیماریوں کے جراثیم بچے بچے تک پہنچانے میں مصروف ہیں۔اکثر بچے گلے اور معدے کی بیماریوں میں مبتلا ہیں۔ماحول کی آلودگی روز بروز بڑھ رہی ہے۔خدانہ کرے کوئی وبا پھوٹ پڑے۔صفائی والے ادھر آتے ضرور ہیں لیکن ان کا کہنا ہے کہ گلیوں کی مرمت اور گڑھے پُر کرنا ان کے فرائض میں شامل نہیں۔آپ سے مؤدبانہ التماس ہے کہ:

۱۔ تعمیر کے ذمہ داروں سے گلیوں اور نالیوں کی مرمت کرائی جائے اور پانی کے نکاس کو یقینی بنایا جائے۔

۲۔ کوڑا ڈالنے کے لئے کوڑے کے ڈرم رکھوائے جائیں اور عملہ صفائی کو ہدایت کی جائے کہ وہ ہر روز ڈرم خالی کیا کریں۔

۴۔ محلے میں فوری طور پر سپرے کرایا جائے۔

اہل محلہ آپ کے شکر گزار ہوں گے

العارض

مورخہ ۱۵ مئی ۲۰۱۹ء

اہل محلہ نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یونین کونسل۔۔۔۔۔۔۔۔راولپنڈی شہر

**سوال نمبر 2 ۔ قصبے کے سکول میں اُستادوں کی کمی دور کرنے کے لیے ضلعی ناظم کے نام درخواست لکھیں۔**

**جواب ۔**

بخدمت جناب ضلعی ناظم صاحب یونین کونسل نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔فیصل آباد

جناب عالی !

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ پیپلز کالونی اس یونین کونسل کا گنجان ترین علاقہ ہے۔ ہمارے علاقہ میں صرف ایک گورنمنٹ سکول ہے جو اس علاقہ کی ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہے ۔اسی وجہ سے علاقہ کے لوگوں کو اپنے بچوں کو پرائیویٹ سکولوں میں داخل کروانا پڑتا ہے جو سکول غیر معیاری ہونے کے باوجود انتہائی مہنگے ہیں۔

بات یہاں ہی ختم نہیں ہوتی بلکہ اس ایک گورنمنٹ سکول میں بھی ایک ہزار بچوں کے لیے نو استادہ ہے جو طلباء کی اتنی بڑی تعداد کے لئے کم ہیں۔جب کہ ایک جماعت کے لئے ایک استاد بھی یسر نہ ہو تو آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ تعلیم کا کون کون سے طریقوں سے بیڑا غرق ہو رہا ہے۔یہی وجہ ہے کہ بہت سے کم سے کم استطاعت رکھنے والے لوگ اپنے بچوں کو پرائیویٹ سکولوں میں داخل کروا دیتے ہیں۔یوں سکول میں نچلے طبقے کے غریب و نادار

اسی لئے آپ سے گزارش ہے کہ ہنگامی بنیادوں پر اس سکول میں استادہ کی کمی کو پورا کیا جائے۔اس طرح علاقے کے غریب افراد کے دل کی گہرائیوں سے آپ کے لیے نیک خواہشات اور دعائیں نکلیں گی۔

آپ کا مخلص

اہل محلہ

(پیپلز کالونی)

مورخہ ۲۲اگست ۲۰۱۹ء

یونین کونسل نمبر۔۔۔۔۔۔فیصل آباد

**سوال نمبر 3۔ دیہات میں مرکز صحت کے قیام کے لیے ضلعی ناظم کے نام درخواست لکھیں۔**

**جواب ۔**

بخدمت جناب ضلعی ناظم صحت یونین کونسل نمبر۔۔۔۔۔۔۔راولپنڈی

جناب عالی !

ہمارا گاؤں یونین کونسل نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔زمیندار کالونی راولپنڈی کی حدود میں آتا ہے۔اس گاؤں کی آبادی اب تقریبا نو ہزار سے زیادہ ہوچکی ہے۔لیکن ارباب اختیار کی مسلسل چشم پوشی کی وجہ سے اب تک یہ گاؤں مرکز صحت سے محروم ہے۔جس کی وجہ سے علاقے کے لوگوں کے علاج معالجے کے معاملے میں بڑی مشکلات کا سامنا ہے۔پچھلے دنوں پینے کا صاف پانی نہ ملنے کی وجہ سے بہت سے افراد موت کے منہ میں چلے گئے۔دل ہلا دینے والے اس سانحے کا تذکرہ کئی دن تک مختلف اخبارات میں ہوتا رہا۔اس واقعہ کے بعد وزیر اعلی نے فوری طور پر اہل علاقہ کی مشکلات کا ازالہ کرنے کے لیے مرکز صحت کے قیام کے خدوخال جانچنے کے لیے ایک کمیٹی تشکیل

آپ سے مؤدبانہ التماس ہے کہ مرکز صحت کے قیام کے سلسلہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کر کے مرکز صحت کے قیام کے لئے موثر اقدامات کریں تاکہ علاقہ کے لوگوں میں پائے جانے والے احساس محرومی کا خاتمہ ہو سکے۔

آپ کا مخلص

اہل محلہ زمیندار کالونی

مورخہ ۲۲جولائی ۲۰۱۹ء

یونین کونسل نمبر۔۔۔۔۔۔۔راولپنڈی

## سوال نمبر 4۔ چیئرمین تعلیمی بورڈ کے نام حصول سند کی درخواست لکھیں۔

جواب۔

بخدمت جناب چیئرمین صاحب تعلیمی بورڈ اسلام آباد

جناب عالی!

مودبانہ گزارش ہے کہ میں تعلیمی سیشن(2019۔2018) رول نمبر(ا۔ب۔ج) کے تحت انٹرمیڈیٹ کا امتحان فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا ہے۔میرے پاس رزلٹ کارڈتو موجود ہے لیکن ابھی تک فیڈرل بورڈ نے مجھے سند جاری نہیں کی ہے۔جس سے مجھے سرکاری ملازمت کے حصول میں دشواری کا سامنا ہے۔اس سے قبل میں متحد بار کنٹرولر امتحانات کو بذریعہ درخواست یاددہانی کرا چکا ہوں لیکن کچھ نہیں ہوا۔اب میں آپ سے استدعا کرتا ہوں ہو کہ میری درخواست پر ہمدردانہ غور فرماتے ہوئے متعلقہ شعبے کو ہدایت فرمائیں کہ مجھے انٹرمیڈیٹ کی سند جاری کریں تاکہ میری حصول ملازمت کی مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔میں آپ کا بے حد ممنون ہوں گا۔

تاریخ ۱۵ اگست ۲۰۱۹ ء

العارض

ثمر علی خان ۔رول نمبر (ا۔ب۔ج)

**سوال نمبر5۔ ضلع ناظم کے نام اپنے گاؤں میں زرعی معلوماتی مرکز کے قیام کے لئے درخواست لکھیں۔**

**جواب۔**

بخدمت جناب ناظم صاحب ضلع خانیوال

جناب عالی !

ہم اہلیان چک نمبر38 / R-10 تحصیل و ضلع خانیوال آپ سے ملتمس ہیں کہ ہمارا گاؤں تقریباً ساٹھ مربع زرعی زمین پر مشتمل ہے اس میں چھوٹے زمیندار سے لیکر بڑے زمیندار بھی موجو ہیں ہمارا علاقہ نہری رقبے پر مشتمل ہے اور یہ علاقہ اپنے ملک کی ترقی اور خوشحالی میں برابر کا شریک ہے۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں ہمارے زمیندار زیادہ پڑھے لکھے نہیں ہیں کہ زرعی معلومات رکھتے ہوئے اپنے اجناس میں اضافہ کر سکیں ۔ ہمارے گاؤں میں تو درکنا دور دور تک زرعی معلوماتی مرکز نہیں ہے ۔ جسکی وجہ سے زرعی مرکز سے مشورہ نہ ہونے کے باعث ہمارے گاوں کی فصلوں کی کافی مقدار ہر سال ضائع جو جاتی ہے۔

لہذا ہم الیان چک نمبر38 / R10 آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ ہمارے گاؤں میں ہی ایک زرعی معلوماتی مرکز کے قیام کے احکامات صادر کیے جائیں تاکہ ہماری فضلوں کی آمدنی میں اضافہ ہو سکے۔

آپ کا مخلص

اہلیان چک نمبر R10/38 تحصیل و ضلع خانیوال

سوال نمبر6۔ پرنسپل کے نام کالج لائبریری کی بہتری کے لئے درخواست لکھیں۔

جواب۔

بخدمت جناب پرنسپل صاحب گورنمٹ کالج ۔۔۔۔ اب ج۔۔۔۔

جناب عالی!

مودبانہ گذارش ہے کہ میں اس کالج میں ۲۰۱۵ء میں فرسٹ ایئر میں داخل ہوا تھا۔ میں یہاں ایف ایس کی پری انجینئرنگ میں داخلہ لیا تھا۔ کالج کا ماحول اور ڈسپلن مجھے بہت پسند آیا۔ اب میں اسی کالج میں سال چہارم بی ایس کی فائنل کا طالب علم ہوں۔ میں سے ان چار سالوں میں کالج میں ہر شعبے میں ترقی دیکھی ہے جو آپ کی قائدانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ کالج میں تمام کلاسز بڑی باقاعدگی سے ہوتی رہی ہیں۔ تمام پروفیسر صاحبان بڑی محنت سے کلاسز پڑھاتے رہے ہیں اور ماشاء اللہ اس کالج کا رزلٹ بھی پورے ضلع میں اول نمبر پر رہا ہے۔ لیکن مجھے یہ بات تحریر کرتے ہوئے شرمندگی محسوس ہو رہی ہے کہ آپ کے دور میں لائبریری کتب میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہوا۔ حالانکہ فنڈ بھی موجود تھے۔

میں آپ سے ملتمس ہوں کہ کالج لائبریری میں ہر شعبے میں بالعموم اور ریتھ کے شعبے میں بالخصوص کتب خریدی جائیں اور طلباء کے بیٹھنے کا ایک کمرہ تعمیر کروانا چاہیے۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ طلباء لائبریری کتب سے استفادہ کر سکیں۔ نیز اخبارات والے مزید دو سینڈ بنوائے جائیں کیونکہ اخبارات پر طلباء کا رش زیادہ ہوتا ہے۔

کالج لائبرین کو ہدایت کی جائے کہ وہ کالج اوقات میں لائبریری میں موجود رہے تاکہ طلباء کتب جاری کروا سکیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ میری گزارشات پر ہمدردانہ غور فرماتے ہوئے مذکورہ شکایات کا ازالہ کریں گے۔ حضور کی عین نوازش ہوگی۔

العارض

تاریخ: ۴ نومبر ۲۰۱۹ء انور

علی سال چہارم رول نمبر اب ج

**سوال نمبر ۷۔ حصول ملازمت کے سلسلے میں ڈی سی او رر او لپنڈی کے تمام درخواست لکھیں۔**

**جواب۔**

بخدمت جناب ڈی۔ سی اور راولپنڈی

جناب عالی !

مودبانہ گذارش ہے کہ روزنامہ "جنگ "راولپنڈی مورخہ ۹ نومبر ۲۰۱۹ء میں آپ کی جانب سے کلرکوں کی تین خالی آسامیوں کے لئے اشتہار شائع ہوا ہے ۔ میں ان آسامیوں میں سے ایک کے لئے اپنی خدمات پیش کرتا ہوں۔

میرے کوائف درج ذیل ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | نام | شہباز طاہر ملک |
| ۲۔ | ولدیت | ملک صالح محمد خان |
| ۳۔ | تعلیم | میٹرک ۲۰۱۵ء درجہ اول |
| ۴۔ | // | انٹر میڈیٹ //// ۲۰۱۷ء |

دیگر صلاحتیں اور تجربہ

۱۔ باپ کی رفتار ۴۰ الفاظ فی منٹ

۲۔ کمپیوٹر پر ٹاپ کی رفتار ۶۰ الفاظ فی منٹ

اسناد کی تصدیق شدہ نقول درخواست کے ساتھ منسلک ہیں۔

مجھے امید ہے کہ درج بالا تعلیم و تجربہ کو مد نظر رکھتے ہوئے۔ آپ میری درخواست پر ہمدردانہ غور فرمائیں گے۔ اگر میرا تقرر کیا گیا تو میں پوری دیانت داری محنت اور لگن کے ساتھ اپنے فرائض انجام دوں گا۔

درخواست گزار

تاریخ: ۲۰ نومبر ۲۰۱۹ ء

شہباز

طاہر ملک

فلیٹ نمبر G-9/6 اسلام آباد۔

## سوال نمبر8۔ محلہ میں صفائی کے انتظام کے لئے ہیلتھ آفیسر کو درخواست لکھیں۔

## جواب

بخدمت جناب ای۔ ڈی۔ او صاحب الف ، ب ، ج

جناب عالی !

گزارش ہے کہ ہمارے محلہ میں ایک عرصہ سے عملہ صفائی کی عدم توجہی کا شکار ہے۔ ہفتہ میں ایک آدھ بار خاکروب دکھائی دیتے ہیں اور پھر پورا ہفتہ غائب رہتے ہیں۔ سڑکوں پر جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگ جاتے ہیں۔ نالیوں کی روزانہ صفائی نہ ہونے کے باعث وہ بھی گندگی سے بھری رہتی ہیں۔ ان میں سے پانی رس رس کر باہر آجاتا ہے۔ جس سے راہ چلنے والوں کو سخت دشواری ہوتی ہیں۔ جناب والا ! گندی نالیوں میں مچھر پیدا ہو چکے ہیں۔ جس سے پورے محلے میں موسمی بخار کی وباء پھیلنے کا خطرہ ہے۔ آج کل موسم برسات شروع ہونے والا ہے۔ اگر اس محلے میں یہی حالت رہی تو لوگوں کا جینا دوبھر ہو جائے گا۔ آپ سے درخواست ہے کہ جس قدر جلد ممکن ہو سکے محلے کی صفائی

کے لئے عملہ متعین کیا جائے اور اس کی کوتاہی کے ذمہ دار افراد کو قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ عملہ آئندہ اپنے فرض کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کرے۔ نیز موسمی بیماریوں سے بچاؤ کے لئے بچوں کو ٹیکے لگوائے جائیں۔

پوری آبادی آپ کی اس مہربانی پر آپ کے لئے دعا گو ہوگی۔

العارض

الف۔ ب۔ ج۔

۱۴۔ اپریل ۲۰۱۹ء

**سوال نمبر9۔ علاقے کے نائب ناظم کے نام درخواست لکھ کر پینے کے صاف پانی کا مطالبہ کیجیے۔**

**جواب۔**

بخدمت جناب نائب ناظم صاحب الف-ب-ج

جناب عالی!

گزارش ہے کہ ہمارے علاقے میں پینے کے صاف پانی کی بہت قلت ہے۔ اور پانی کی پائپ لائن کی حالت بھی بہت خراب ہے۔ جو کئی جگہوں سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جس سے گندا پانی بھی صاف پانی میں شامل ہو جاتا جو کئی بیماریوں کا سبب بنتی ہیں۔ جس میں ہیضہ کی بیماری بہت عام ہیں۔ اس پانی کو پینے سے بچے زیادہ بیماری کا شکار ہورہے ہیں۔ اور ان کی پڑھائی کا حرج بھی ہو رہا ہے۔ برائے مہربانی آپ سے گزارش ہے کہ علاقے میں پانی کی نئی پائپ لائن ڈالیں جائیں اور صاف پانی کی فراہمی بھی باقاعدگی سے کی جائے۔ تاکہ اہل علاقہ کسی اور مشکلات سے بچ سکے۔ آپ کو بہت مہربانی ہوگی۔

العارض

الف۔ب۔ج۔

۱۲ ستمبر، ۲۰۱۹ء

## سوال نمبر10۔ بازار میں ناجائز تجاوزات کے خلاف میونسپل کارپوریشن کے چیئرمین کے نام درخواست لکھیں۔

## جواب

بخدمت جناب چیئرمین میونپل کارپوریشن راولپنڈی

جناب عالی!

ہمارا بازار میونسپل کارپوریشن کے مرکزی دفتر کے بالکل قریب ہے۔ ہم گوالمنڈی بازار راولپنڈی کے رہائشی ہیں اور عرض گزار ہیں کہ ہمارے بازار میں ناجائز تجاوزات کی بھرمار ہے جو ایک طرف قانون کا منہ چڑا رہی ہیں اور دوسری طرف تمام اہل علاقہ کا جینا مشکل کیا ہوا ہے۔

دکانداروں نے اپنے تھڑے (فٹ پاتھ) کرایہ پر دے رکھے ہیں جس کی وجہ سے پیدل چلنے والوں کے لیے جگہ ہی نہیں رہتی اور انہیں سڑک پر چلنا پڑتا ہے۔ بہت سے پھیری والوں نے بھی اس بازار کے ناجائز تجاوزات میں اضافہ کیا ہوا ہے جس کی وجہ سے گاڑیاں پیدل چلنے والوں سے بھی آہستہ چل رہی ہوتی ہیں۔ بہت سے ریڑھی والے بازار میں جگہ جگہ کھڑے ہوتے ہیں، جن کی وجہ سے بازار میں ہر وقت بہت زیادہ رش اور شور ہوتا ہے اور کان پڑی آواز سنائی نہیں دیتی، اس کے علاوہ ٹریفک کے ہارن کے شور نے ہمارے بچوں کا پڑھنا ناممکن بنایا ہوا

اب جب کہ وزیر اعلی پنجاب نے بھی ناجائز تجاوزات کے خلاف مہم کا اعلان کیا ہوا ہے، آپ سے اہل محلہ کی پُر زور التماس ہے کہ آپ بھی اس سلسلے میں چند ایسے اقدامات کریں جو کہ مستقل بنیادوں پر ہوں اور ناجائز تجاوزات کے مکمل خاتمے کا باعث بنیں۔ اہل محلہ آپ کے نہایت مشکور و ممنون ہوں گے۔

آپ کے مخلص

اہل محلہ (گوالمنڈی بازار)

مورخہ: ۱۲ مئی ۲۰۱۹ء

راولپنڈی

**سوال نمبر11۔ اپنے علاقے میں ڈاک کا ناقص انتظام بہتر کرنے کے لیے پوسٹ ماسٹر جنرل کے نام درخواست لکھیے۔**

**جواب۔**

بخدمت جناب پوسٹ ماسٹر صاحب الف -ب -ج

جناب عالی !

گزارش ہے کہ ہمارے محلے میں ڈاک کی تقسیم کا انتظام نہایت ناقص ہے ۔ ڈاکیا کئی کئی دن تک آتا ہی نہیں اور ہمارے ضروری خطوط وقت پر نہ ملنے کی وجہ سے نقصان کا موجب بنتے ہیں۔ اس کے علاوہ طلباء کے کتابوں کے پارسل وقت پر نہ پہنچنے کی وجہ سے دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ لہذا یا توڈاکیے کو سرزنش کی جائی یا کوئی نیاڈا کیا

نوازیں تا کہ ہم لوگ زیادہ نقصان سے بچ سکیں اور آپ کو مزید پریشان کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔ فقط آداب و سلام۔

العارض

۲۲ اکتوبر ۲۰۱۹ء

الف -ب -ج

**سوال نمبر12۔ فوڈ کنٹرولر کو اپنے علاقے کے راشن ڈپو کے خلاف درخواست دیں۔**

**جواب۔**

بخدمت جناب فوڈ کنٹرولر صاحب خانیوال

جناب عالی !

گذارش ہے کہ محلے کا راشن ڈپو جس کا نمبر ۲۱۵ ہے ہمارے لئے پریشانی کا باعث بنا ہوا ہے۔ کیونکہ وہ نہ تو وقت پر کھلتا ہے نہ راشن گروں سے اچھا سلوک کیا جاتا ہے۔ چینی کی بوریاں آتی ہیں مگر نہ جانے کہاں چلی جاتی ہیں۔ کوئی خوش نصیب ہی چینی حاصل کرنے میں کامیاب ہوتا ہو گا۔ ورنہ عام طور پر یہی جواب ملتا ہے کہ چینی ملتی نہیں تو دیں کہاں سے۔ لہذا ہم لوگ بازار سے خرید کر گزرہ کرتے ہیں۔ اس راشن ڈپو کے کارپردازوں کو ہدایت فرمائیں کہ وہ باقاعدہ اور شرافت کا رویہ اختیار کرے۔

فقد آداب۔

۳ ستمبر ۲۰۱۹ء

انصر حسین ملک،

مہدی ٹاؤن، میاں چنوں، خانیوال